**AQF / Shabbir**

**09-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں ہر چیلنج سے نمٹنے کی صلاحیت موجود ہے اور وندے ماترم کا جذبہ اُس طاقت کی علامت ہے۔

2- لوک سبھا میں آج انتخابات سے متعلق اصلاحات پر جبکہ راجیہ سبھا میں وندے ماترم کی 150ویں سالگرہ پر بحث ہوگی۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سال2023-24 کیلئے سرکردہ دستکاروں کو اعزاز بخشنے کیلئے آج نئی دلی میں دستکاری ایوارڈس عطا کریں گی۔

4- بھارت نے شیروں کے تحفظ کیلئے متعلقہ ممالک کے ساتھ ٹھوس کوششیں کرنے کی خاطر شیروں سے متعلق بین الاقوامی اتحاد میں شامل ہونے پر زور دیا ہے۔

5- جاپان کے شمال مشرقی ساحل پر سات اعشاریہ پانچ شدت کا ایک طاقتور زلزلہ آیا ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں : آج شام کٹک میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچ ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**LS-VANDE MATARAM**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت ہر چیلنج سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے، کیونکہ وَندے ماترم کی روح اُسے تقویت دیتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وَندی ماترم محض ایک گیت یا نظم نہیں ہے، بلکہ لوگوں کو اُن کے فرائض کے تیئں جگانے کی ترغیب کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وندے ماترم ملک کیلئے تحریک کا وسیلہ ہے، کیونکہ عوام آتم نربھر بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں لگے ہیں۔ وزیراعظم نے قومی گیت وَندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے ضمن میں کل

لوک سبھا میں بحث کے دوران یہ بات کہی۔ قومی گیت وندے ماترم کو سال 1875 میں بنکم چندر چڑجی نے لکھا تھا۔

**Byte: PM-1**

بحث کی شروعات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وَندے ماترم کے منتر نے پورے ملک کو توانائی اور تحریک دی، جس سے جدوجہد آزادی کو تقویت حاصل ہوئی۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ مسلم لیگ نے سال 1937 میں وَندے ماترم کی مخالفت کی سیاست کا راستہ اپنایا۔ جناب مودی نے وندے ماترم سے سمجھوتہ کرنے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس، قومی گیت کے معاملے پر مسلم لیگ کے آگے جھک گئی۔ وزیراعظم نے الزام لگایا کہ محمد علی جناح نے وَندے ماترم کے خلاف نعرے لگائے اور اُس وقت کے کانگریس صدر جواہر لال نہرو نے جناح کی مذمت کرنے کے بجائے وندے ماترم پر تحقیق شروع کردی۔ جناح کی جانب سے وَندے ماترم کی مخالفت کرنے کے محض پانچ دن بعد جناب نہرو نے یہ تحقیق شروع کردی۔

**Byte: PM-2**

بحث میں حصہ لیتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ وَندے ماترم ملک کے ماضی، حال اور مستقبل کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی گیت نے مجاہدین آزادی کو برطانوی راج کے خلاف لڑنے کی طاقت دی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے کہا کہ وندے ماترم ملک کی روح ہے اور ہر بھارتی اسے گاتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرودیو رابندر ناتھ ٹیگور نے سال 1896 کے کانگریس اجلاس میں اسے پڑھا۔ محترمہ پرینکا گاندھی نے الزام لگایا کہ وندے ماترم پر کرائی جارہی بحث کا مقصد بے روزگاری اور مہنگائی جیسے اہم موضوعات سے توجہ ہٹانا ہے۔

سماج وادی پارٹی لیڈر اکھلیش یادو نے کہا کہ وندے ماترم نے لوگوں کو متحد کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وندے ماترم کا مقصد فرقہ وارانہ سیاست کو مسترد کرنا تھا۔ BJP رکن پارلیمنٹ بانسری سوراج، انڈین یونین مسلم لیگ کے ET محمد بشیر، سماج وادی پارٹی کی اقراء چودھری، JDU کے لولی آنند، BJP رکن پارلیمنٹ سمبت پاترا اور TMC کے کلیان بنرجی نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ مجموعی طور پر 66 اراکین نے وَندے ماترم پر ہوئے مباحثے میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ پورے ملک نے یہ دیکھا ہے کہ کس طرح سبھی نے ایوان میں وندے ماترم پر آدھی رات تک بحث کی۔ جناب برلا نے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے تعمیری مباحثے ایوان میں منعقد ہوتے رہیں گے۔ جس کے بعد ایوان کی کارروائی ملتوی کی گئی۔×

**PARLIAMENT**

آج لوک سبھا میں انتخابات سے متعلق اصلاحات کے معاملے پر بحث ہوگی۔ اس دوران راجیہ سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کی 150ویں سالگرہ پر بحث ہوگی۔ اِس کے علاوہ آج نئی دلی میں پارلیمنٹ لائبریری عمارت کے GMC

Balayogi آڈیٹوریم میں قومی جمہوری اتحاد NDA کی پارلیمانی میٹنگ ہوگی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں NDA کے سبھی ممبران سے اِس میٹنگ میں موجود رہنے کیلئے کہا گیا ہے۔x

**PREZ-HANDICRAFTS AWARDS**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں سال 2023 اور 2024 کیلئے ماہر کاریگروں کو دستکاری انعامات عطا کریں گی۔ ایک بیان میں ٹیکسٹائل کی وزارت نے بتایا ہے کہ یہ باوقار قومی انعامات، غیر معمولی دستکاری مہارت اور بھارت کے گوناگوں اور متنوع دستکاری وِرثے کے تحفظ اور فروغ کے تئیں حکومت کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ بیان کے مطابق ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ اور ٹیکسٹائل کے وزیرِمملکت Pabitra Margherita بھی تقسیم انعامات تقریب میں شرکت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Priya

*اِن انعامات میں باوقار شِلپ گرو انعامات اور قومی انعامات شامل ہیں۔ سال 2023 اور 2024 کیلئے 6 کاریگروں کو شِلپ گرو انعام، جبکہ 18 کاریگروں کو قومی انعامات دیئے جائیں گے۔ سال 2002 میں شروع کیا گیا شِلپ گرو انعام، دستکاری کے شعبے میں بے مثال مہارت، جدت طرازی اور بھارت کی دستکاری روایات کے تحفظ میں گرانقدر تعاون کے اعتراف میں دیا جانے والا سب سے اعلیٰ انعام ہے۔ وہیں سال 1965 میں شروع کیے گئے قومی انعامات، دستکاری کی مختلف اقسام میں بے مثال مہارت کے اعتراف میں دیئے جاتے ہیں۔ ہر سال 8 سے 14 دسمبر کے دوران دستکاری کے قومی ہفتے کے تحت ملک کی دستکار برادری کا جشن منایا جاتا ہے۔*

*دلّی سے پریہ موشڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BIG CAT ALLIANCE**

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے شیروں کی بڑی آبادی والے ملکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ شیروں کو بچانے کی کوششوں کو تقویت پہنچانے کیلئے انٹرنیشنل بِگ کیٹ الائنس، IBCA میں شامل ہوجائیں۔ IBCA کے تحت شیروں کے تحفظ کی مشترکہ پہل سے متعلق کل نئی دلّی میں اعلیٰ سطحی بات چیت کی صدارت کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ بھارت سال 2026 میں نئی دلّی میں عالمی بِگ Cats چوٹی کانفرنس کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔ جناب یادو نے شیروں کی نسل کی مختلف اقسام والے ممالک کو اشتراک، تحفظ سے متعلق حکمت عملیوں کے تبادلے اور بہترین طریقہ کار مشترک کرنے کیلئے مدعو کیا۔ جناب یادو نے شیر، بَبر شیر، Snow Leopard، چیتا، تیندوا، Puma اور جیگوار جیسی شیروں کی نسل کی ماحولیاتی اہمیت پر روشنی ڈالی اور ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے میں انہیں اہم قرار دیا۔×

**MEA-MEMORIAL LECTURE**

وزارت خارجہ آج نئی دلّی میں پانچویں اٹل بہاری واجپئی یادگاری لیکچر کا انعقاد کررہی ہے۔ وزارت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سنگاپور کے وزیرِاعظم کے سینئر مشیر Teo Chee Hean، بدلتی دنیا میں دیرپا شراکت داریوں کے موضوع پر لیکچر دیں گے۔ یہ سالانہ یادگاری لیکچر سیریز، دور اندیش سابق وزیرِاعظم اور رہنما اٹل بہاری واجپئی کی جانب سے ملک کی تعمیر اور وزیرِاعظم اور وزیرِ خارجہ کے طور پر اُن کے تاحیات تعاون کو خراجِ عقیدت کے طور پر منعقد کی جاتی ہے۔×

**NADDA-RAJASTHAN TB**

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ 2015 اور 2024 کے درمیان بھارت میں TB کے معاملات میں 21 فیصد کی کمی آئی ہے جو عالمی سطح سے تقریباً دو گنا زیادہ ہے۔ پارلیمنٹ کے جاری موسم سرما کے اجلاس کے موقع پر کل راجستھان کے ارکانِ پارلیمنٹ سے ملاقات کے دوران جناب نڈّا نے کہا کہ TB سے متعلق عالمی صحت تنظیم کی رپورٹ 2025 کے مطابق ملک میں اب TB کے کامیاب علاج کی شرح 90 فیصد ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NAIDU-DD NEWS**

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ فضائی خدمات کے حالیہ بحران کیلئے Indigo پوری طرح ذمہ دار ہے اور وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں ناکام رہی۔ DD نیوز کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت میں جناب نائیڈو نے کہا کہ پروازوں میں رکاوٹ پیدا ہونے اور اُن کے منسوخ ہونے کی وجہ Indigo کی جانب سے اُس کے عملے اور پائلٹ کے سلسلے میں بدانتظامی تھی، نہ کہ Flight Duty Time Limitations (FDTL) رہنما خطوط۔

انھوں نے اِس بات کا اعلان کیا کہ حکومت کسی دباؤ میں نہیں ہے اور اُس نے ہمیشہ ہر ایئر لائن کے ساتھ مساوی سلوک کیا ہے۔ جناب نائیڈو نے مسافروں کو اِس بات کی یقین دہانی کرائی کہ کوئی پریشانی نہیں ہوگی اور حکومت بہتر اور محفوظ کام کاج کیلئے قریبی نظر رکھے گی۔

**AVIATION SECRATARY**

شہری ہوابازی کے سکریٹری سمیر کمار سنہا نے کہا ہے کہ فضائی خدمات تقریباً معمول کے مطابق ہیں اور انھوں نے کہا

کہ کُل Indigo نے ایک ہزار 800 پروازیں چلائیں، جو کہ اُس کے معمول کے پروگرام کے قریب ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ Akasa، ایئر انڈیا ایکسپریس اور Spicejet سمیت دیگر ایئرلائنوں نے بھی اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ خدمات فراہم کیں۔ Indigo کی پروازیں منسوخ ہونے کے درمیان ریفنڈ اور سامان کے معاملے پر بات کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے کہا کہ ایئرلائن نے تقریباً سبھی کا کرایہ واپس کردیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تقریباً 90 فیصد سامان پہلے ہی بھیجا جا چکا ہے اور ایئرلائن بقیہ سامان کو مسافروں کے دیے گئے پتے پر بھیج رہی ہے۔x

**KERALA POLLING**

کیرالہ میں، مقامی اداروں کے انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے پولنگ کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔x

ایک رپورٹ۔ **V/C - M SMITHY - 40 secs**

*کیرالہ کے سات جنوبی اضلاع میں مقامی اداروں کے انتخابات کے لئے پولنگ کا عمل آج صبح شروع ہوا۔ تینوں بڑے سیاسی محاذ، جن میں BJP کی قیادت والی NDA، کانگریس کی زیر قیادت UDF اور CPM کی قیادت والی LDF شامل ہیں، سبھی اضلاع میں فعال طور پر انتخابی میدان میں ہیں۔ متعدد چھوٹے اتحاد اور آزاد امیدوار بھی کچھ اضلاع میں انتخابی میدان میں اترے ہیں۔ پہلے مرحلے میں، تین کارپوریشنوں، 39 میونسپلٹی، سات ضلع پنچایتوں، 75 بلاک پنچایتوں اور 471 گرام پنچایتوں میں پولنگ ہورہی ہے۔اس دوران، ریاست کے 7 شمالی اضلاع میں انتخابی مہم جاری ہے جہاں منگل کے روز پولنگ ہوگی۔*

*آکاشوانی نیوز ترووننت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کیلئے میں......*

**KASHI TAMIL SANGAMAM**

اس سال کے موضوع Tamil Karkalam کے حصے کے طور پر کُل چوتھے کاشی تمل سنگم کے مندوبین نے تمل زبان سکھائی اور وارانسی سے بنگالی ٹولہ انٹر کالج کے طلباء کے ساتھ بات چیت کی، جس سے تمل ناڈو اور کاشی کے درمیان زبان وثقافت کا رشتہ مضبوط ہوا۔ شام میں مہمانوں کیلئے نموگھاٹ پر ثقافتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔x

**GOA-FIRE**

گوا نائٹ کلب آتش زدگی سانحہ کے معاملے میں عدالتی جانچ کے دوران مقامی انتظامیہ کی جانب سے کی گئی بڑی کوتاہیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ اس دوران پولیس نے کلیدی ملزم کو پکڑنے کی کارروائی شروع کردی ہے، جو بیرون ملک فرار ہوگیا ہے۔ جانچ کے دوران پایا گیا کہ مقامی سرپنچ نے کلب کیلئے تجارتی لائسنس سمیت کئی اجازت نامے جاری کئے۔ اس کے علاوہ مقامی انتظامیہ اُس احاطے کو Seal کرنے میں ناکام رہی، جو گوا پنچایت راج قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، مارچ 2024 سے غیر قانونی طریقے سے چل رہا تھا۔ گوا پولیس نے پتہ لگایا ہے کہ دو کلیدی ملزمین گورو اور سوربھ لُوتھرا واقعے کے کچھ گھنٹوں بعد 7 دسمبر کی صبح ساڑھے پانچ بجے تھائی لینڈ کے Phuket فرار ہوگئے۔ اس بارے میں لُک آؤٹ سرکلر، LOC جاری کردیا گیا ہے۔ پولیس ملزمین کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے CBI کے انٹرپول ڈویژن کے ساتھ تال میل قائم کررہی ہے۔ دوسری جانب حکومت 20 مہلوکین کے جسدخاکی کی منتقلی میں مکمل تعاون کررہی ہے۔ سیفٹی کے نئے پیمانوں کو ترتیب دینے کیلئے ایک کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے۔×

**JAPAN-EARTHQUAKE**

جاپان کے شمال مشرقی حصے میں کل رات سات اعشاریہ پانچ شدت کا ایک طاقتور زلزلہ آیا۔ جاپان کی موسمیات کی ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ زلزلہ Aamori خطے کے ساحل سے تقریباً 80 کلومیٹر نزدیک آیا۔ 20 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زلزلے کی وجہ سے 70 سینٹی میٹر تک سونامی کی لہریں اُٹھیں، حالاں کہ سونامی کی وارننگ ہٹالی گئی ہے۔ حکام نے تقریبا 90 ہزار شہریوں کو محفوظ مقامات پر چلے جانے کے لیے کہا ہے۔ شمال مشرقی ساحل پر کچھ بلیٹ ٹرین خدمات معطل ہیں۔ نیوکلیائی پلانٹ میں بھی فوری طور پر چیکنگ کی جا رہی ہے۔x

**CRICKET- IND VS SA T-20**

مردوں کے کرکٹ میں میزبان بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچ ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز آج سے شروع ہورہی ہے۔ پہلا میچ اوڈیشہ کے کٹک کے Barabati اسٹیڈیم میں شام 7 بجے کھیلا جائے گا۔ اس دوران بھارتی کپتان سوریہ کمار یادو نے تصدیق کی ہے کہ ہاردک پانڈیا اور شُبھمن گِل دونوں چوٹ سے اُبھرنے کے بعد اس سیریز میں واپسی کرنے کیلئے تیار ہیں۔ نائب کپتان شُبھمن گِل نے BCCI کے سینٹر آف ایکسیلنس میں صحتیابی کا اپنا دورانیہ مکمل کرلیا ہے۔ BCCI کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں گِل نے کہا کہ Skill اور فِٹنس تربیت کے بعد وہ کافی بہتر محسوس کررہے ہیں۔ ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں دو-ایک کی جیت کے بعد بھارت ٹی-ٹوینٹی سیریز کی شروعات کررہا ہے۔×

**MEN'S HOCKEY**

مردوں کے ہاکی میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ کل دو-دو سے برابری پر رہا۔ یہ میچ کل رات جنوبی افریقہ کے کیپ ٹاؤن کے **Hartleyvale** اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ بھارت فی الحال تین میچوں کی سیریز میں صفر کے مقابلے ایک سے آگے ہے۔ سیریز کا فیصلہ کُن میچ کل کھیلا جائے گا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتیہ محکمہ موسمیات **IMD** نے چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، پنجاب، تلنگانہ اور ودربھ میں آج سردی میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ انڈمان نکوبار جزائر کے حصوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے آج آسام، میگھالیہ، مشرقی اترپردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور اوڈیشہ کے حصوں میں گھنا کہرے چھائے رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔**x**

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... نیتکا تیاگی

شکریہ – ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخباروں نے قومی گیت وندے ماتر کے **150** سال مکمل ہونے پر لوک سبھا میں اس پر خصوصی بحث سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی کے طور پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ وندے ماترم جدوجہد آزادی اور آزاد بھارت کا ویژن بھی بنا۔ مہاراشٹر اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا 'وندے ماترم' سے آغاز ہونے سے متعلق خبر بھی اخباروں میں نمایاں ہے۔

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائڈو کے اس بیان کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ ملک میں پانچ چھ بڑی ایئر لائنز کیلئے جگہ، حکومت چاہتی ہے کہ نئی کمپنیاں آئیں۔ مغربی بنگال میں الیکشن کمیشن نے ایس-آئی- آر کی جانچ سخت کی، مزید پانچ مبصرین تعینات۔ اس خبر کو بھی روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ جاپان میں سنامی کا الرٹ۔

☆ ترکیہ میں **5** اعشاریہ **5** شدت کا زلزلہ ۔

☆ افریقہ ملک بین میں فوجی بغاوت ناکام، **14** باغی گرفتار۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں ہر چیلنج سے نمٹنے کی صلاحیت موجود ہے اور وندے ماترم کا جذبہ اُس طاقت کی علامت ہے۔

2- لوک سبھا میں آج انتخابات سے متعلق اصلاحات پر جبکہ راجیہ سبھا میں وندے ماترم کی 150ویں سالگرہ پر بحث ہوگی۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سال2023-24 کیلئے سرکردہ دستکاروں کو اعزاز بخشنے کیلئے آج نئی دلی میں دستکاری ایوارڈس عطا کریں گی۔

4- بھارت نے شیروں کے تحفظ کیلئے متعلقہ ممالک کے ساتھ ٹھوس کوششیں کرنے کی خاطر شیروں سے متعلق بین الاقوامی اتحاد میں شامل ہونے پر زور دیا ہے۔

5- جاپان کے شمال مشرقی ساحل پر سات اعشاریہ پانچ شدت کا ایک طاقتور زلزلہ آیا ہے۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں : آج شام کٹک میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچ ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------